Mir Kalam Wazir

Member of Provincial Assembly KP.
PK-112 North Waziristan

Ref # 107 Date:

توجہ دلاؤ نوٹس

جناب سپیکر! میں اپکی اوراس معزز ایوان کی توجہ شمالی وزیرستان میں ایک اہم اورفوری نوعیت کے مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔وہ یہ ہے کہ شمالی وزیرستان کے ایک سرے سے دوسرے تک بہنے والے دریائے ٹوچی میں اکثر وبیشتر شدید طغیانی اجاتی ہے۔جس سے دریائے ٹوچی کے کنارے شوال سے لیکرشمالی وزیرستان کے آخری سرے میرعلی حیدرخیل تک زرعی اراضی اورر ہائشی علاقے سیلابی پانی میں بہہ جاتے ہیں۔جس سے کسانوں اور مقامی ابادی کوناقابل تلافی نقصانات پہنچتے ہیں۔ایک اندازے کے مطابق دریائے ٹوچی کے کنارے ایک لاکھ کنال قابل کاشت زرعی اراضی؛ور ہزاروں کی تعداد میں رہائشی مکانات واقع ہیں۔جن کو ہمیشہ دریائے ٹوچی سے خطرہ ہوتا ہے۔اوراکثر طغیانی کی صورت میں متعدد مکانات پانی میں بہہ جاتے ہیں۔جس میں کئی بارقیمتی جانیں بھی ضائع ہوچکی ہے۔

جناب سپیکر! صورتحال کی سنگینی کا بہت پہلے سے احساس تو ہوچکا ہے۔کیونکہ کئی سال پہلے سابق فاٹا کے گورنر اویس غنی صاحب نے بھی ان دنوں میں ایک میگاپروجیکٹ کی منظوری دی تھی۔لیکن ابھی تک اس پرعمل درامد نہیں ہوا۔

جناب سپیکر! میری تجویز ہے کہ فاٹا کی ترقی کے لیے دس سالہ ترقیاتی پروگرام میں دریائے ٹوچی کے دونوں اطراف میں تحصیل داتہ خیل سے لیکرحیدرخیل تک حفاظتی پشتوں کی تعمیر کے لیے ایک جامع اور مربوط منصوبے کی منظوری دی جائے۔تاکہ ایک طرف دریائے ٹوچی کے کنارے رہائش پذیرلوگوں کی زندگیوں کولاحق خطرات ختم ہوجائیں۔اوردوسری طرف ایک لاکھ کنال سے زائد زرعی اراضی کوبھی دریابُردہونے سے بچایاجائے۔جومقامی کسانوں کی امدن کاواحد ذریعہ ہے۔

CALL ATTENTION NOTICE

Serial No. 1214

Notice No. 1110

Received Time 11:30

Received Date 10-6-2020

From Mr. / Ms. کلام وزیر MPA

Receiver Sign.

Shahi Mehman Khana, New Block Room # 6, MPA Hostel Peshawar KP. Ph: 091-9210116

0336 928 44 12, mirkalamwazir545@gmail.com, @kalamwazir